جناب صدر، محترم اساتذہ کرام اور اس محفل کا چمکانے والے درخشندہ ستاروں کی خدمت میں میر اسلام!

امید ہے کہ آپ سب خیریت سے ہوں گے اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے حفظ وامان میں رکھے۔

آج مجھے جس موضوع پر لب وشائی کا موقع دیا گیا ہے اگر اسے الفاظ کی مالا میں پرودیا جائے تو وہ کچھ یوں بنتا ہے۔

## یوم آزادی

### جناب صدر:

آج جس ملک میں ہم زندگی بسر کر رہے ہیں وہ اس قائداعظم محمد علی جناحؒ، علامہ اقبال، لیاقت علی خان، چوہدری رحمت علی کی محنت اور لگن کی بدولت ہے۔ اگر قائداعظم نے اس ملک کو نہ بنایا ہوتا، اگر علامہ اقبال نے پاکستان کا خواب نہ دیکھا ہوتا تو آج ہم بھی انگریزوں کے غلام ہوتے اور ان کے ظلم وستم کا نشانہ بنتے۔ قائداعظم نے اگر اس ملک کو حاصل کرنے کے لئے جدوجہد نہ کی ہوتی، علامہ اقبال جو کہ ہمارے قومی شاعر ہے انہوں نے اپنے شاعری سے ہمیں نہ جگایا ہوتا تو ہم یوں ہی خواب غفلت میں سوئے رہتے۔ اگر ہم قائداعظم کو بانی پاکستان کہتے ہیں تو اس میں کچھ غلط نہیں۔ قائداعظم کے ان احسانات کی بدولت آج ہم اس ملک میں آزادی کی سانس لے رہے ہیں۔

یوں دی ہمیں آزادی کہ دنیا ہوئی حیران

اے قائداعظم تیرا احسان ہے احسان

جناب صدر اور میرے ہم وطنوں میں آج اس یومِ آزادی پر آپ سے یہ ہی کہنا چاہتی / چاہتا ہوں "قدر کریں اپنی آزادی کی حفاظت کریں اپنی سرحدوں کی آخر آپ کو ہی اس قوم کا مستقبل سنوارنا ہے ان شہیدوں کو سلام جنہوں نے اندھیری شب کو سویروں میں ڈھالا"

شکستہ پا سہی مگر تھمنے نہیں پاتے

میں یوں منزل سے گزرا ہوں کہ اب تک یاد کرتی ہے

ہمارے دوسرے لیڈر جنہوں نے اپنے خوبصورت کلام سے لوگوں کو اجگر کیا کچھ الفاظ بیان کرتی / کرتا ہوں،

جب عشق سکھاتا ہے آداب خود آگاہی

کھلتے ہی غلاموں پر اسرار شہنشاہی

اے طائر لاہوتی اس رزق سے موت اچھی

جس رزق سے آتی ہے پرواز میں کوتاہی

چاہے تو بدل ڈالے ہیت چمنستان کی

یہ ہستی دانا ہے بینا ہے توانا ہے

فرمان قائداعظم ہے کہ

"پاکستان کو اپنے نوجوانوں پر فخر ہے خاص طور پر طلباء پر جو کہ قوم کے مستقبل کے معمار ہیں۔ انہیں نظم وضبط تعلیم و تربیت سے اپنے آپ کو آراستہ کرنا چاہیئے۔ تاکہ وہ وقت کے چیلنجوں کا مقابلہ کرسکیں۔

27 نومبر 1947ء کو آل پاکستان ایجوکیشن کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا "اگر ہم فوری اور نتیجہ خیز ترقی چاہتے ہیں تو ہمیں تعلیمی شعبے پر پوری توجہ مرکوز کرنی ہوگی۔"

آخر میں آپ سب کو جشن آزادی مبارک ہو۔ دعا ہے کہ ہم تا قیامت اپنے پیارے وطن کا یوم آزادی یوں ہی جوش اور ولولے کے ساتھ منائیں۔

آمین! ثمہ آمین!

وما علینا الا البلاغ المبین

والسلام۔